تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

May,03 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ڈاکٹر ذاکر حسین ہال آف بوائز ریزیڈینس نے سالانہ پروگرام 'شام طرب' منایا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے ڈاکٹر ذاکر حسین ہال آف بوائز ریزیڈینس نے مورخہ تیس اپریل دو ہزار چوبیس کو اپنا سالانہ پروگرام 'شام طرب' انتہائی جوش وخروش اور امنگ کے ساتھ منایا جس میں ہال میں رہنے والے بچوں نے اپنی صلاحیتوں اور بھائی چارے و اخوت کا مظاہرہ کیا۔قرآن پاک کی تلاوت سے پروگرام کا مبارک ومسعود آغاز ہوا جس کے بعد جامعہ کا روح پرور ترانہ گایا گیا۔

ہال کے طلبہ نے پروگرام کا اہتمام وانصرام خوش اسلوبی سے کیا تھا جس کا نظارہ پورے پروگرام کے دوران کیا گیا۔قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اقبال حسین نے پروگرام کے مہمان خصوصی تھے۔اس کے علاوہ دیگر معزز مہمانان بھی پروگرام میں شریک ہوئے تھے۔رضا کار طلبہ نے بطور محبت واحترام مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے ان کی خدمت میں پودے پیش کیے۔

سالانہ پروگرام میں طلبہ کی جانب سے متعدد تہذیبی وثقافتی اور تفریحی پروگرام ہوئے جن میں بشمول قوالی، غزل خوانی، بالی ووڈ نغمے، مشاعرہ کے نظم خوانی اور نغمہ سرائی میں طلبہ نے اپنی صلاحیتوں کے جوہر دکھائے۔قابل ذکر ہے کہ اس موقع پر شش ماہی ہال میگزین 'اقدار۔دو ہزار چوبیس' کی رسم رونمائی اور تقسیم بھی عمل میں آئی جس سے پروگرام کے لطف وحسن میں چار چاند لگ گئے۔

ہال میں رہنے والے طلبہ کی غیر معمولی حصولیابیوں کا اعتراف کیا گیا اور ان کی حوصلہ افزائی کے طور پر انھیں پروگرام کے مہمانان نے انھیں اعزازات سے نوازا۔علاوہ ازیں ثقافتی وتہذیبی اور کھیل کود کے مقابلوں کے فاتحین کی خدمات کا بجا طور پر اعتراف کیا گیا جس سے دارالاقامہ میں رہ رہے طلبہ میں افضلیت اور شرکت کے کلچر کو فروغ ملا۔

پروگرام میں شریک معزز مہمانوں کی بصیرت افروز کلمات نے تعلیمی سفر کے میدان میں طلبہ کے لیے کیریئر کی منصوبہ بندی اسے دریافت کرنے کے سلسلے میں بیش قیمت مشورے دیے۔قائم مقام شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر اقبال حسین نے اپنے اسکول کے زمانے کی چند جذبات سے بھرپور یادیں ساجھا کیں، گریجویٹ ہونے والے طلبہ کو جو مستقبل کی مساعی کے لیے حکمت و دانائی اور حوصلہ افزائی بھی کی۔

عشائیہ کے ساتھ پروگرام کا اختتام ہوا جس نے 'شام طرب' دو ہزار چوبیس' کی خوش کن یادوں کو شرکا کے دل و دماغ میں بسا دیا۔ منتظمین، شرکا اور مہمانوں کی مشترکہ کوششوں نے پروگرام کو انتہائی کامیاب بنایا اور دارالاقامہ کے سالانہ کیلنڈر میں ایک یادگار واقعہ کی طرح روشن ہوگیا۔ پروفیسر ندیم احمد نے 'شام طرب' کو ایک یادگار اور کامیاب پروگرام بنانے کے لیے تمام شرکا، رضا کار، مہمانان اور منتظمین کی کوششوں اور تعاون کے لیے ان کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی